ہفت روزہ
ترجمانِ اسلام
لاہور

نگرانِ اعلیٰ
مولانا مفتی محمود

18
ک
113

رفقاءِ محترم !

میں مجرموں کے اس
کٹہرے میں محسوس کرتا ہوں کہ
بادشاہوں کے لیے قابلِ رشک ہوں۔ اُن کو
اپنی خوابگاہِ عیش میں وہ خوشی و راحت
کہاں نصیب جس سے میرے بدن کا ایک
ایک ریشہ معمور ہو رہا ہے۔
کاش غافل اور نفس پرست انسان
اُسکی ایک جھلک بھی دیکھ پائے۔
اگر ایسا ہوتا تو میں سچ کہتا ہوں کہ لوگ
اس جگہ کے لیے دعائیں مانگتے۔

مولانا ابوالکلام آزادؒ

قافلہ سالار ہے

بادہ توحید سے سرشار ہے
ہر عرب، ہر حکمراں بیدار ہے
سامراجی لرزہ بر اندام ہیں
جانگسل سادات کی للکار ہے
جانتے ہیں اسرائیلی "سورما"
اک مدبّر قافلہ سالار ہے
مضطرب ہے، آج پھر ناصر کی رُوح
آج پھر دیدہ وری درکار ہے
پھر شرارت پہ ہیں آمادہ یہود
مُتّحد پھر ملّتِ کفّار ہے
پھر تُلا ہے دھمکیوں پہ سامراج
پھر کسی کا امتحاں درکار ہے
امن کا جھوٹا پُجاری اِن دنوں
امن کی ہر بات سے بیزار ہے
خواجۂ گیہاں کے دیوانو! اُٹھو!
سرکشی پھر درپئے آزار ہے
اے محمدؐ کے فِداکارو! بڑھو!
ہر طرف سے کُفر کی یلغار ہے
مسجدِ اقصیٰ کی حُرمت کے لیے
سر کٹانا سُنّتِ اخیار ہے
کام لو پھر حکمتِ صدّیقؓ سے
خودسری پہ لشکرِ اشرار ہے
جذبۂ فارُوقِ اعظمؓ چاہیے
قیصریّت برسرِ پیکار ہے

دل ہلا دو نعرۂ تکبیر سے
دوستو! یہ شیوۂ ابرار ہے

اکرام القادری

ہفت روزہ ترجمان اسلام

جلد نمبر ۱۸ شمارہ نمبر ۵

جمعہ ۳۱ جنوری ۱۹۷۵ء ، ۱۸ محرم الحرام

سرپرست

مولانا عبید اللہ انور

رئیس الادارہ

اکرام القادری

مجلسِ ادارت

ڈاکٹر احمد حسین کمال
مولانا سعید احمد رائے پوری
سیّد مطلوب علی زیدی
عُمیر الہاشمی

بدلِ اشتراک

سالانہ ــــ ۳۸ رُوپے
ششماہی ــــ ۱۹ رُوپے
سہ ماہی ــــ ۹/۵۰

فی پرچہ

۷۵ پیسے ،

پریمیر پریس میں چھپا اور مولانا عبید اللہ انور نے شیرانوالہ سے شائع کیا

اداریہ

اکرام القادری

سیاسی جماعتوں کی نشوونما

ایک استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر قانون و پارلیمانی امور محترم ملک معراج خالد نے جو عجیب و غریب باتیں کہیں وہ قابل غور بھی ہیں اور حیرت زا بھی۔

ملک صاحب نے سیاسی جماعتوں کی نشوونما پر زور دیا تاکہ ملکی آئین کو کامیاب بنایا جا سکے، اور جمہوریت کو فروغ ہو۔ ملک صاحب نے کہا: "باشعور عناصر اور دانشوروں کا فرض ہے کہ وہ جمہوری عمل کی ترقی اور پارلیمانی نظام کو کامیاب بنانے میں مدد دیں۔ آپ نے سیاسی جماعتوں کو آئینی حدود کے اندر رہنے کی تلقین اور غیر آئینی سرگرمیوں سے اجتناب کا مشورہ دیا اور منتخبہ نمائندوں پر "جو برسرِاقتدار ہیں" کیچڑ اچھالنے سے منع فرمایا"

ہم نہایت ہی ادب سے ملک صاحب کی خدمت میں گذارش کرتے ہیں کہ کیا وہ وضاحت فرمائیں گے کہ وہ کونسا عنصر ہے جو سیاسی جماعتوں کی نشوونما میں رکاوٹ بنا ہوا ہے؟ ملکی آئین کو کامیاب بنانے اور جمہوریت کو فروغ دینے کی راہ میں کون سدِ سکندری ہے؟ وہ کون سے "باشعور" اور "دانشور" عناصر ہیں جو جمہوری عمل کی ترقی اور پارلیمانی نظام کی کامیابی میں مزاحم ہیں؟ کیا محترم ملک صاحب ان سیاسی جماعتوں کی نشاندہی فرمانے کی زحمت گوارہ فرمائیں گے جو آئینی حدود کو پھاند کر غیر آئینی سرگرمیوں میں مبتلا ہیں؟ منتخبہ نمائندوں پر کیچڑ اچھالنے سے ان کی کیا مراد ہے؟ خصوصاً "برسرِاقتدار" منتخبہ نمائندوں پر۔ کیا ملک صاحب کے نزدیک "غیر برسرِاقتدار" منتخبہ نمائندوں پر کیچڑ اچھالنا جائز ہے؟

ہم یہ کہنے میں کوئی باک محسوس نہیں کرتے کہ حکمران پارٹی کی نیّا کے کھیون ہار زبان و بیان کی حد تک جن امور سے باز رہنے کی تلقین اور احتراز کا مشورہ دیتے رہتے ہیں عملاً ان ہی امور کے مرتکب ہوتے ہیں۔ جب ضابطۂ اخلاق کا درس دوسروں کو دیا جاتا ہے خود اس کی خلاف ورزی ان کا روز مرہ ہے۔ عوامی حکومت کا تین سالہ دورِ اقتدار اس کے قول و عمل کے تضاد کا ایسا مُرقّع ہے جو کسی سے پوشیدہ نہیں۔ جمہُوریّت کی جو درگت ان معلّمینِ اخلاق کے ہاتھوں بنی شاہد و بائد۔ بلوچستان میں انہوں نے جمہوریت کو پامال کیا، سرحد میں انہوں نے جمہوریت کو رگیدا۔ پنجاب اور سندھ میں جمہوریت کی جو مدارات ہوئی اور ہو رہی ہے، وہ انہی "باشعور دانشورانِ" قوم کا حصہ ہے۔ حزبِ مخالف کا وہ کونسا جلسہ ہے جسے جمہوریت کی مدد سے "کامیاب" نہ بنایا گیا ہو۔ ملک صاحب کو شاید معلوم نہیں کہ سیکورٹی فورس اور پولیس دو ایسے "باشعور اور دانشور" عناصر ہیں جو جمہوریت کو فروغ دینے کے لیے ہر وقت تیار رہتے ہیں۔

کیا ملک معراج خالد ان دنوں ملک سے باہر تھے یا صاحب فراش، جب وزیر اعلیٰ پنجاب اپنے شعور اور دانشوری کا ثبوت بہم پہونچاتے ہوئے مولانا مفتی محمود اور دیگر سیاسی رہنماؤں کو واشگاف گالیاں دے رہے تھے۔ ملک صاحب کو ملتان کا وہ جلسہ تو یقیناً یاد ہو گا جس میں وزیر اعظم بھٹو نے علما

باقی صـ ۱۲

بلوچستان کی ڈائری

بلوچستان میں امن ؟

تبسم ہاشمی
کے قلم سے

بلوچستان میں نمائندہ حکومت کی جبراً برطرفی کے بعد آج تک بلوچستان میں امن قائم نہ ہو سکا اور بہت سے دلائل کے علاوہ اس سلسلے کی ایک سب سے ٹھوس دلیل یہ ہے کہ اگر بلوچستان میں عوامی حکومت کے دعوؤں کے مطابق امن قائم و بحال ہو جاتا تو حکومت ایک دن کے لیے بھی بلوچستان میں فوج کا وجود برداشت نہ کرتی۔ کیونکہ پاکستان ایسا غریب اور ترقی پذیر ملک ایک کروڑ روپیہ روزانہ کا خرچ برداشت کرنے کا متحمل نہیں۔ گزشتہ دنوں بلوچستان کی موجودہ حکومت کے سربراہ جناب جام صاحب لس بیلہ بڑے طمطراق سے بیانات دیتے رہے ہیں کہ بلوچستان میں ”امن کا کوئی مسئلہ نہیں“ حالات مکمل طور پر معمول پر آ گئے ہیں۔ وغیرہ وغیرہ۔ اس لیے اس سلسلے میں ہم چند واقعات پیش کرنا چاہتے ہیں۔ جس سے پاکستانی عوام اندازہ کر سکیں گے کہ محترم جام صاحب کس حد تک اپنے دعوؤں میں سچے ہیں۔

۱۔ گزشتہ ماہ کی ۲۹ تاریخ کو جام صاحب وزیر اعلیٰ بلوچستان اپنے طوفانی دورے کے سلسلے میں تحصیل بھاگ ضلع کچھی سے ہو کر جا رہے تھے۔ جب وہ ورنجن اور بی بی نانی کے مقامات سے گزرے تو ان پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کی۔ زبان زدِ عام ہے کہ فائرنگ سے متعدد سیکورٹی فورس والے ہلاک یا زخمی ہوئے۔ موٹروں پر گولیوں کے نشانات موجود ہیں۔

شرپسند روپوش ہو گئے۔ مگر پولیس نے دو بے گناہ افراد کو گرفتار کرنے کی کوشش کی نتیجۃً ایک بے گناہ شخص نے پولیس کی دردناک اذیتوں کے خوف سے اپنے آپ کو گولی مار کر ہلاک کر لیا۔ اس شخص نے ذلت کی زندگی پر خودکشی کو ترجیح دی۔ دوسرا شخص جس کا نام دوست علی بتایا جاتا ہے گرفتار کر لیا گیا۔ عوامی حکومت کے سورماؤں نے دوست علی کو ایسی دلدوز اذیتیں دیں کہ جن کی تاب نہ لا کر دوست علی نے دم توڑ دیا۔ یہ بات عام ہے کہ بے گناہ دوست علی کے تمام جسم پر نیلے نیلے نشان پائے جاتے ہیں، خصوصاً چہرے اور سر پر۔

۲۔ علاقہ جوہان گزگ کے مقام پر فوجی کارروائی سے گاؤں کے گاؤں تباہ و برباد کر دیئے گئے اور جس کسی غریب نے اپنا اور اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کے لیے کچھ تھوڑا بہت غلّہ رکھا ہوا تھا۔ وہ سب نذرِ آتش کر دیا گیا۔

۳۔ علاقہ مری اور بگٹی میں بندروں سے فوجیوں کا کام لیا جا رہا ہے۔ یہ بندر کسی غیر ملک سے برآمد کیے گئے ہیں۔ جو باقاعدہ تربیت یافتہ ہیں۔ یہ بندر جہاں رات کو آگ کا شعلہ یا چنگاری دیکھتے ہیں۔ وہیں پر دستی بم پھینکتے ہیں۔ جس کے نتیجے میں بہت سے بے گناہ بوڑھے بچے اور عورتیں ہلاک یا زخمی ہو جاتے ہیں۔

۴۔ سینکڑوں کی تعداد میں بلوچی افغانستان جا رہے ہیں۔ ان لوگوں کے بلوچستان چھوڑ کر افغانستان جانے کی واحد وجہ وہ خوف و ہراس ہے جو فوجی کارروائیوں کی وجہ سے عام پھیلا ہوا ہے سنا ہے کہ بلوچستان میں ان پناہ گزینوں کے لیے افغان حکومت نے دو جگہ کیمپ کھولے ہوئے ہیں۔ ایک کیمپ علاقہ شوراوک میں اور دوسرا جلال آباد میں۔

ان حالات و واقعات سے قارئین اندازہ لگا سکتے ہیں کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال کیا ہے ۔؟

اور حکومت اپنے کھوکھلے دعوؤں میں کس حد تک سچی ہے۔

آپ ہی اپنے خود طرزِ عمل کو دیکھیں
ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہوگی

پیپلز پارٹی کی حکومت اگر آج دیانت داری سے بلوچستان کے سیاسی حل کی طرف متوجہ ہو تو یہ مسئلہ آسانی سے حل ہو سکتا ہے۔ اس مسئلہ کا واحد حل ہمارے نزدیک سیاسی حل ہے۔ حکومت بھی اس بات سے بخوبی آگاہ ہے کہ گولی اور گن سے مسائل حل ہونے کی بجائے مزید الجھ جاتے ہیں۔

مرسلہ: احمد حسین کمال

مشرق و مغرب کی سیاست

تیل پیدا کرنے والے عرب ملکوں کے خلاف امریکہ کی دھمکی

امریکی وزیر خارجہ (ڈاکٹر کیسنجر) اور امریکی صدر (مسٹر فورڈ) دونوں نے ہی واضح طور پر کہہ دیا ہے کہ اگر امریکہ کی معیشت تباہ ہونے لگتی ہے تو وہ اسے بچانے کے لیے تیل کے چشموں پر جو عرب دنیا میں واقع ہیں۔ فوج کے ذریعہ قبضہ کرنے میں تامل نہیں کریں گے۔

امریکہ کے صدر اور وزیر خارجہ کا اعلان، اقوام مشرق اور عرب دنیا کے لیے نیا اور حیرت انگیز نہیں ہے۔

یورپ کی سامراجی طاقتیں، کم و بیش تین صدیوں سے، فوجی اور سیاسی طاقت کے بل پر، مشرقی قوموں کی لوٹ کھسوٹ جاری رکھے ہوئے ہیں۔

ایشیا، اور افریقہ میں امریکہ کے چھوٹے اور بڑے بالواسطہ اور بلاواسطہ دو سو کے قریب فوجی اڈے ہیں۔ جن میں سے چالیس فوجی اڈے تیل پیدا کرنے والے عرب ممالک کے گرد و پیش واقع ہیں۔

امریکہ کا چھٹا اور ساتواں بحری بیڑہ ایشیائی ملکوں اور عرب دنیا کے ساحلوں کے ارد گرد سمندر میں ہر وقت گردش کرتا رہتا ہے۔

کوریا اور ویت نام کے معاملات میں امریکہ کی براہِ راست فوجی مداخلت سے ساری دنیا واقف ہے۔

حقائق کے اسی پیشِ منظر اور پس منظر میں، امریکی صدر اور وزیر خارجہ کا مذکورہ بالا اعلان، محض ایک کھلا اور برملا اعتراف ہے۔ جس سے اب تک امریکہ اور اس کے حلیف بظاہر پہلوتہی برتتے رہتے تھے۔

گزشتہ کئی صدیوں کے ہی نہیں بلکہ اسی صدی کے حالات ہی گواہ ہیں کہ، مغربی طاقتیں جب بھی معیشتی بحران میں مبتلا ہوئیں انھوں نے اس کا مداوا جنگ کے شعلے بھڑکا کر کیا۔

اور اسی صدی میں دوبارہ پوری دنیا کو جنگ کی بھٹی میں جھونکا۔

تاہم واقعات اور تاریخ اس بات کی بھی شاہد ہیں کہ۔ اس کے باوجود مغرب کی سرمایہ دار قوتیں، اپنی معیشت کو بار بار رونما ہونے والے بحرانوں کے خطرہ سے ہمیشہ کے لیے محفوظ رکھنے میں کامیاب نہیں ہو سکی ہیں۔

اور یہ بحران ہر مرتبہ زیادہ شدت کے ساتھ رونما ہوئے ہیں۔ یہ ہنوز جاری ہے اور جاری رہے گا۔

تیل پیدا کرنے والے ممالک زرعی اور صنعتی اعتبار سے ہرگز اس پوزیشن میں نہیں ہیں کہ وہ تیل کی ترسیل بند کر دیں ایران سے لیبیا اور الجزائر تک تمام چھوٹے بڑے تیل پیدا کرنے والے ممالک، اپنی تمام معیشتی ضروریات پورا کرنے کے لیے، تیل نکالنے اور فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔

اس کے علاوہ تیل کی قیمتوں میں جو کچھ اضافہ اب تک ہوا ہے۔ وہ ہرگز اتنا زیادہ نہیں ہے، جس سے کسی بھی ملک کی معیشت تباہ ہو۔

اندازہ کیجئے کہ تیل کی قیمتوں میں اضافہ سے پہلے، ایک ٹن تیل پر تیل کمپنیاں تمام اخراجات دفع کر کے ۶۰ ساٹھ ڈالر منافع حاصل کرتی تھی۔

جبکہ تیل برآمد کرنے والے ملکوں کو صرف ۱۷، ڈالر فی ٹن تیل کی رائیلٹی ملتی ہے

ابھی تک تیل کی قیمتوں میں جتنا اضافہ ہوا ہے، اس سے تیل کمپنیوں کے منافع کی شرح تو ضرور کم ہوئی ہے، اور وہ نسبت نہیں رہی ہے۔ جو ۶۰ ساٹھ ڈالر اور ۱۷ ڈالر کے درمیان ہیں۔ لیکن کسی بھی تیل کمپنی کو نقصان ہوا ہے۔

بلکہ ان تیل کمپنیوں نے، قیمتوں کا تمام اضافہ، صارفین کی طرف منتقل کر دیا ہے۔

اس کے برعکس، امریکہ اور یورپ کے سرمایہ داروں نے اپنی مصنوعات اور پیداوار کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ جاری رکھا ہے

(باقی صـ [illegible] پر)

مکۃ المکرمہ کی ڈائری

نمائندہ خصوصی السعودیۃ العربیہ

ایک روح پرور تقریب

مولانا محمد یوسف بنوری اور مولانا منظور احمد چنیوٹی کے اعزاز میں عشائیہ

حج کے موقعہ پر مرکزِ اسلام مکۃ المکرمہ میں مقیم پاکستانی شہریوں کی طرف سے سرگرم سماجی شخصیّت جناب فضل الحق صاحب نے منتزۃ العزیزیہ کے سبزہ زار پر اینٹی قادیانی تحریک کی کامیابی کی خوشی میں قائدِ تحریک صدر مجلسِ عمل تحفّظ ختم نبوّت مولانا السیّد محمد یوسف صاحب بنوری اور فاتح ربوہ مولانا محمد منظور احمد چنیوٹی کے اعزاز میں پُرتکلّف عشائیہ دیا۔

مکۃ المکرمہ میں مقیم تمام مقتدر پاکستانیوں کے علاوہ علامہ خالد محمود صاحب برمنگھم، مولانا سعید احمد رائپوری، محترم جناب محمد اسلوب صاحب قریشی صدر جمعیۃ طلباءِ اسلام پاکستان۔ جناب حمزہ سابق ایم۔ پی۔ اے پنجاب پاکستان اور جناب مولانا محمد مکّی صاحب نے اس روح پرور ایمان افروز تقریب میں شرکت کی۔

مولانا محمد یوسف صاحب بنوری، مولانا منظور احمد چنیوٹی، علامہ خالد محمود۔ جناب حمزہ اور جناب مولانا محمد مکّی صاحب نے خطاب فرمایا۔

محترم حمزہ صاحب نے فرمایا!

مسلمانوں کو شکست اور ناکامی کا سامنا صرف اس وقت ہوتا ہے۔ جب وہ اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے تھامنے کی بجائے اس کو چھوڑ دیتے ہیں۔ انھوں نے فرمایا کہ اللہ کی نصرت کے ساتھ ساتھ عوام کی قوّتِ فیصلہ اصل طاقت ہے۔ جس نے پاکستان کی حکومت کو اپنا فیصلہ بدلنے پر مجبور کر دیا۔ کہ وہ قادیانیوں کو اقلیّت قرار دے۔ حمزہ صاحب نے کہا! کہ یہ صرف عوام کی فتح ہے۔ جنھوں نے زبردست ڈسپلن اور اتحاد کا مظاہرہ کرکے پاکستانی حکومت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا۔

مولانا منظور احمد چنیوٹی کی کوششوں کو سراہا گیا جو انھوں نے تحریک کے دِنوں سرگرم عمل رہ کر کیں۔ مولانا چنیوٹی غیر ملکی محاز پر سفاتی اثر و رسوخ۔ اسلامی مملکتوں کی تائید اور تحریک کے ساتھ تعاون حاصل کرنے میں سرگرم رہے۔

تحریک شروع ہونے سے قبل گزشتہ سال مکۃ المکرمہ میں رابطۂ عالم اسلامی کے اجتماع میں قادیانیوں کے خلاف تمام مسلم ممالک کے نمائندوں نے مشترکہ اور متفقّہ طور پر جو، قرارداد منظور کی تھی۔ اس قرارداد کو پیش کرنے کی تحریک اور ترتیب میں مولانا برابر شریک رہے۔ آپ نے قادیانیّت کی نقاب کشائی میں بہترین خدمات انجام دیں۔

اخبار "دعوۃ" ریاض کے الفاظ میں "دنیائے اسلام میں مولانا منظور احمد صاحب چنیوٹی قادیانیوں اور مرتدینِ اسلام کے خلاف ننگی تلوار کی حیثیت رکھتے ہیں اور اسی سے متعارف ہیں۔"

مولانا منظور احمد صاحب نے ان تمام احباب کا شکریہ ادا کیا۔ جنھوں نے تحریک کے سلسلے کی کوششوں میں ان سے تعاون کیا تھا۔

قائدِ تحریک مولانا محمد یوسف بنوری نے تحریک کے دِنوں کی مختصر روداد بیان فرمائی۔

آپ نے فرمایا!

تحریک کی کامیابی اللہ تعالےٰ کی غیبی نصرت اور مدد سے ہوئی۔ مسلمانوں نے اپنے زبردست اتحاد کا مظاہرہ کرکے اللہ تعالےٰ کی تائید و نصرت کو حاصل کرلیا

آپ نے فرمایا!

ہمیں اس کامیابی پر غرور اور تکبّر نہیں کرنا چاہیئے۔ بلکہ ہر وقت اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتے ہوئے اس کی مدد مانگنی چاہیئے۔ کیونکہ بسا اوقات ایسا ہوا ہے کہ مسلمان جب بھی کسی کامیابی پر مغرور ہوئے اور تعلق باللہ جاتا رہا۔ کامیابی شکست میں بدل گئی۔

تحریک تحفّظ ختم نبوّت کی کامیابی کے بعد بھی اگر مسلمان اتحاد کی برکتوں کے قائل نہ ہوں تو اس سے بڑی بدنصیبی کیا ہو سکتی ہے۔

آپ نے مزید فرمایا! ہمیں حکومت کے فیصلے کی تنفیذ تک تحریک جاری رکھنی ہے۔

آپ نے سعودی عرب کے فرماں روا شاہ فیصل کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔

حق نواز خلیل پشاور

دنیا کا طویل ترین زلزلہ

کہتے ہیں زمین کے نیچے ایک بیل ہے، جس نے ساری کی ساری زمین کو اپنے ایک سینگ پر اٹھائے رکھا ہے۔ جب وہ تھک جاتا ہے تو ایک جھٹکے کے ساتھ زمین کو اپنی دوسری سینگ پر تھام لیتا ہے اور اہل زمین زلزلہ سے دوچار ہو جاتے ہیں" یہ کہانی خدا جانے کیسے اور کب وجود میں آئی لیکن یہ عجیب اتفاق ہے کہ، امریکہ کے ریڈ انڈین روما کی قدیم کہانیاں، آسٹریلیا کے دیہاتی — بھارت کی قدیم روایات۔ اور جاپان کے قدیم شہری دو سینگوں والے بیل اور اس کے جھٹکے کی کہانی تقریباً ایک ہی انداز میں سینہ بہ سینہ منتقل کراتے رہے ہیں۔

سائنس کا دور آیا۔ آتش فشانوں سے اُبلنے والے لاوے نے زمین کی اندرونی حدّت کو زلزلے کا ذریعہ قرار دیا۔ اور یوں کتنے ہی خوابیدہ آتش فشانوں نے انگڑائی لے کر اپنے قریب و جوار میں رہنے والی مخلوق کو موت اور مصیبت سے دوچار کیا ہے۔

پٹن کے خوابیدہ دیو نے بھی یوں پہلو بدلا اور دس پندرہ ہزار افراد کو موت کی خاموش وادی میں اتار دیا۔ اور خدا جانے کتنے مجروح بے یار و مددگار پہاڑوں کی بوجھل تنہائیوں میں موت کے منتظر ہوں گے۔

۲۸ دسمبر کی شام عید کی تیسری شام تھی۔ بڑے بوڑھے مسجدوں میں جمع ہو رہے تھے۔ بچوں نے چولہوں کے گرد جمع ہونا شروع کیا تھا۔ گھر والیاں بچوں کو کھلانے میں مصروف تھیں۔ حجرے دوست احباب کے حلقوں سے آباد۔ ایک گھمبر کڑک کے ساتھ ہی زمین جھولنے لگی۔ پانچ منٹ کے اس جھٹکے نے ایک قیامت برپا کر دی۔ بلند و بالا مکانات آن واحد میں زمین بوس ہو گئے۔ زمین جگہ جگہ سے پھٹ کر لوگوں کو نگلنے لگی۔ ۵ بجکر ۱۰ منٹ سے پانچ پندرہ تک زلزلے کا پہلا ریلا رہا جس نے اندازاً وادی کے دس دیہات کو ویران کر دیا۔ انسانوں کی اس بربادی پر پرندے اور چوپائے بھی متوحش ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

ان دس دیہاتوں میں موت کا سکوت طاری تھا یا کسی مجروح کی آہ و پکار کی آواز تھی۔ کچھ قرار آیا مجھے کچھ لوگوں نے ہوش و حواس پا کر اپنے اِردگرد کا جائزہ لیا اور اپنے عزیز و اقارب کی تلاش میں لگ گئے۔

اسی رات بارہ بجکر بیس منٹ پر ایک اور شدید جھٹکا آیا، جو پانچ منٹ تک رہا ۱۲ بجکر ۵۵ منٹ پر مزید ایک جھٹکا آیا جو ۱ بجکر ۵ منٹ تک رہا۔

۲ بجکر ۲۵ منٹ پر مزید ایک اور جھٹکا آیا، جو ۲ بجکر ۳۵ منٹ تک رہا۔ ۳ بجکر ۵۵ منٹ پر ایک اور شدید جھٹکا آیا جو ۴ بجکر ۵ منٹ تک رہا۔ اور یوں صبح چھ بجے مزید ایک جھٹکا آیا اور شدید آیا۔

یوں اس قیامت والی رات نے، پٹن دبیر۔ تنگر کو مکمل طور پر تباہ کر دیا۔ جس میں صرف پٹن کی آبادی چار پانچ ہزار کے قریب تھی دبیر کی ڈیڑھ دو ہزار۔ جاجل (جو مکمل طور پر تباہ ہوا) کی آبادی چار ہزار کے قریب بتائی جاتی ہے۔

علاوہ ازیں پالس، جبہ، تیلوس، کگاہ رباط اور باشتو نامی گاؤں تباہ ہو گئے۔ اور پھر اسی رات میں اس علاقہ میں ۳۲ زلزلے ریکارڈ کیے گئے ہیں اور ۲۸ دسمبر سے ایک ہفتہ تک اندازاً ۱۲۰۰ جھٹکے ریکارڈ کیے گئے۔

ناقابل بیان بربادی، جس میں بعض دیہات پورے زمین میں دھنس گئے ہیں۔ بعض چھوٹی آبادیاں جو ۴۰ سے ۲۰۰ افراد تک تھیں کسی قطار و شمار میں نہیں آئیں۔

شاہراہ ابریشم جو اسی علاقے میں سے گذرتی ہے ۴۵ میل تک یوں تباہ ہو چکی ہے کہ سڑک کی جگہ پہاڑوں نے لے لی ہے۔

کوہ ہندوکش کے اس آتش فشاں نے آج سے پچاس ساٹھ سال قبل بھی ایک دفعہ سانس لیا تھا اور یہی پٹن گاؤں تباہ ہوا تھا۔ لیکن اس دفعہ اس دہانے نے پٹن کے علاوہ کئی اور دیہات کی قربانی بھی وصول کی۔

امریکی ماہرین کے خیال کے مطابق

پٹن سے دس میل شمال مغرب کو زلزلے کا مرکز ہے۔ جہاں ان کے خیال کے مطابق قدرتی گیس موجود ہے، مزید تفتیش و تحقیق کے بعد ہی کوئی حتمی رائے قائم کی جا سکے گی۔ کہ آیا اس بربادی میں تعمیر کی صورت مضمر ہے یا نہیں۔

وزیر اعظم بھٹو صاحب نے علاقے کا ہوائی سروے کیا، لوگوں سے بھی ملے۔ دنیا بھر کے ملکوں سے امداد کی اپیل کی۔ جس کا خاطر خواہ نتیجہ برآمد ہوا۔ اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری نے تسلی دی اور امریکی حکومت سے پیش کش کی۔ فاقہ کش (سرکاری اعلانات کے مطابق) مجیب نے ٹکوں کی پیش کش کی۔ شاہ ایران نے ایک کروڑ روپیہ دینا کیا۔ لیبیا کے جناب قدافی نے ۱۶ کروڑ روپے دیئے۔ شاہ فیصل نے ۱۰ کروڑ کی اوّلین پیش کش کی۔ ۵ کروڑ کویت سے اور ابھی ہمارے کتنے دوست دامے درہمے قدمے سخنے ہماری امداد کریں گے۔

حکومت نے نو تعمیر کا فوراً اعلان کیا مکان کے لیے ۵۰۰ روپیہ جزوی نقصان کے لیے ۲۰۰ روپیہ۔ کمائی والا مر گیا ہو تو ایک ہزار، غیر کمائی والے کے لیے ۵۰۰ روپیہ، شدید مجروح معذور کے لیے ۵۰۰ روپیہ اور جانوروں کے لیے ۵۰ سے ۲۰۰ روپیہ تک معاوضہ دیا جائے گا۔

حکومت نے بہت اچھا اندازہ لگا کر معاوضہ دینا کیا ہے۔ اخباری تصاویر سے بچے کھچے لوگوں کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ ایک گاؤں میں سو آدمی یا پچاس آدمی بچ گئے ہیں تو ان کے لیے ۵۰۰ تک کا معاوضہ کافی ہے۔ جو مر گئے سو مر گئے ان کے لیے فاتحہ، جو بچ گئے ہیں وہ ہسپتالوں میں زندگی اور موت کی کشمکش میں ہیں۔

سرحد کی حکومت تقسیم کے لیے کمیٹیاں قائم کر لی ہیں۔ سرکاری اطلاعات کے مطابق بالائی علاقوں کو برف نے ڈھانپ لیا ہے۔ اس لیے وہاں تک رسائی ناممکن ہو گئی ہے۔ اور جہاں تک ہو سکیگا کام کی نگرانی کی جائے گی۔

آفت زدہ علاقے میں فوجی بھائیوں کی خدمات قابل قدر ہیں۔ اور چینی دوستوں کا خلوص اور تعاون قابل صد تحسین و آفریں۔

بقیہ: مشرق و مغرب کی سیاست

اور موجودہ واویلا صرف اسی وجہ سے ہے کہ تیل کی فروخت پر منافع کی سابقہ بے انتہا شرح گھٹ گئی ہے۔ پھر امریکہ کی یہ دھمکی کیا معنیٰ رکھتی ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ امریکہ سمیت تمام سرمایہ دار ممالک افراطِ زر اور کساد بازاری کے شدید بحران کا شکار ہو گئے۔

یہ بحران خود ان کا اپنا پیدا کردہ ہے۔ اور سرمایہ دارانہ نظام کی ایک لازمی اور ناقابلِ علاج بیماری ہے۔

وہ یہ دیکھ رہے ہیں کہ اس بیماری سے جانبر ہونے کی کوئی صورت بن نہیں پا رہی ہے۔

ایک طرف روس اور چین سمیت سوشلسٹ ممالک ہیں، جو افراطِ زر اور کساد بازاری کی بیماری بالکل ناآشنا ہو چکے ہیں۔

دوسری طرف تیل پیدا کرنے والے عرب ممالک ہیں۔ جنھیں ایک ایسی سیاسی دولت حاصل ہے، جو انھیں معیشتی اعتبار سے مضبوط بنائے ہوئے ہے۔

تیسری طرف ایشیا اور افریقہ کے نو آزاد اور ترقی پذیر ممالک ہیں، جو صنعتی اور فنّی اعتبار سے روز افزوں ترقی کر رہے ہیں، اور صرف غذائی پیداوار کی قلّت سے دوچار ہیں، جس پر چند سالوں میں قابو پا لینا ممکن نظر آ رہا ہے۔

حالات و واقعات تیزی کے ساتھ مذکورہ بالا تینوں قوتوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے کا عمل ہی انجام دے رہے ہیں، اگر ایسا ہو گیا، کہ

سوشلسٹ ممالک تیل پیدا کرنے والے عرب ممالک، اور ایشیا و افریقہ کے نو آزاد ترقی پذیر ممالک باہمی تعاون کے کسی پلیٹ فارم پر پُرامن بقائے باہم کے تحت جمع ہو گئے، تو۔

کیا اس کے بعد سرمایہ دارانہ نظام اور اس کے پروردہ طبقہ کا کوئی مستقبل باقی رہ جائے گا۔؟ یقیناً نہیں!

تو اس وقت کے آنے سے پہلے عرب ملکوں کی معیشت یعنی تیل کی دولت کو چھین لیا جائے یا تباہ ہو جانے دیا جائے۔

ایشیا اور افریقہ کے ترقی پذیر ملکوں کی فنّی اور صنعتی ترقی کی رفتار کو روک دیا جائے اور غذائی قحط کو ان پر مسلّط ہونے دیا جائے تو!

شاید اس کے بعد سوشلسٹ بلاک سے نمٹنا بھی آسان ہو جائے گا۔

یہی وہ مکارانہ سوچ ہے۔ جس نے امریکی وزیر خارجہ اور امریکی صدر سے یہ دھمکی اگلوائی ہے۔ مگر تاریخ کدھر جا رہی ہے!

شاید امریکہ کے سیاسی مدبّر، یہ سمجھنے سے ابھی تک قاصر ہیں۔ سرمایہ دارانہ طاقتوں کا مکمل خاتمہ یا دنیا کی مکمل تباہی، تاریخ نے ان دو کے سوا، اور کسی تیسرے راستہ کی گنجائش باقی نہیں رہنے دی۔

بڑی طاقتوں کو کسی بھی فیصلہ کن اقدام سے پہلے تاریخ کی اصل حقیقت سمجھ لینا چاہیئے۔

زاہد الراشدی

دینی مدارس کا جرم؟

لاہور کے بعض اخبارات میں شائع ہونے والی اس خبر سے ملک بھر کے دینی حلقوں میں غم و غصہ اور احتجاج و اضطراب کی لہر دوڑ گئی ہے کہ حکومت نے تمام دینی مدارس کو قومی تحویل میں لینے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اس خبر کے مطابق اصولی طور پر اس امر کا فیصلہ ہو چکا ہے اور اب صرف یہ بات فیصلہ طلب ہے کہ قومی تحویل میں لینے کے بعد دینی مدارس کا نظام وفاقی حکومت چلائے گی یا صوبائی حکومتوں کو یہ ذمہ داری قبول کرنا ہوگی؟ خبر میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ابتدائی مرحلہ میں پنجاب کے اڑھائی سو مدرسے قومیائے جائیں گے اور مدارس کو اول دوم اور سوم تین مدارج میں تقسیم کیا جائے گا جن پر علی الترتیب ایک لاکھ ساٹھ ہزار اور تیس ہزار روپے خرچ کیے جائیں گے۔

جمعیۃ علماء اسلام پنجاب کے امیر حضرت مولانا عبید اللہ انور، جمعیۃ علماء پاکستان پنجاب کے صدر مولانا غلام علی اوکاڑوی، جمعیت اہل حدیث کے امیر مولانا معین الدین صاحب لکھنوی اور نواب زادہ نصر اللہ خان صدر جمہوری پارٹی نے الگ الگ بیانات میں اس مبینہ فیصلہ کو دینی مدارس کی آزادی اور تقدس کے خلاف سازش قرار دیتے ہوئے مزاحمت کا اعلان کیا ہے۔

جمعیۃ طلباء اسلام کے قائم مقام صدر میاں محمد عارف اور جنرل سیکرٹری سید مطلوب علی زیدی نے بھی ایک مشترکہ بیان میں اس فیصلہ پر کڑی نکتہ چینی کی ہے اور کہا ہے کہ دینی مدارس کے تقدس اور آزادی کی ہر قیمت پر حفاظت کی جائے گی۔ اس کے علاوہ ۲۶ جنوری کو خیر المدارس ملتان میں دیوبندی، بریلوی، اہلِ حدیث اور شیعہ مکاتبِ فکر کے دینی مدارس کے منتظمین اور سرکردہ علماء کا ایک اجلاس طلب کر لیا گیا ہے جس میں اس خبر کی روشنی میں دینی مدارس کے آئندہ لائحہ عمل کے بارے میں غور و خوض کیا جائے گا۔

دینی مدارس کے بارے میں یہ تجویز یا فیصلہ غیر متوقع نہیں ہے۔ مدت سے “اوپر کے حلقوں” میں یہ تجویز زیرِ غور تھی اور اب شائد دینی مدارس کی سرگرمیاں نازک مزاج شاہوں کی قوت برداشت کے لیے چیلنج کی صورت اختیار کرتی جا رہی ہیں یا ان سرگرمیوں کو کنٹرول کرنے کے لیے حالات سازگار نظر آ رہے ہیں۔ اسی لیے بڑے طمطراق سے یہ خبر سرکردہ اخبارات کی زینت بنی ہے اور کم و بیش ایک ہفتہ گذر جانے کے بعد بھی سرکاری حلقوں کی طرف سے اس کی تردید یا وضاحت سامنے نہیں آئی۔

دینی مدارس کے خلاف اربابِ اقتدار کے غم و غصہ اور قومیانے کے فیصلے پر دینی حلقوں کے اضطراب و احتجاج کا جائزہ لینے کے لیے دینی مدارس کے موجودہ نظام کے پس منظر ان کی خدمات اور ان کے فوائد و مضرات پر ایک نگاہ ڈالنا ضروری ہے تاکہ اس سلسلہ میں صحیح صورتِ حال قارئین کے سامنے آسکے:

دینی مدارس کا موجودہ نظام دراصل فرنگی کی اس حکمت عملی کا ردعمل ہے جس کے تحت اس نے برصغیر کے طول و عرض میں پھیلے ہوتے ان ہزاروں مدارس و مکاتب کو ختم کر دیا جن میں اسلامی علوم، قرآن و حدیث فقہ و تاریخ اور اخلاق و روحانیات کی تعلیم و تربیت دی جاتی تھی اور جن کا انتظام مغل بادشاہوں کی طرف سے عطا کردہ جاگیروں کی آمدنی سے چلتا تھا اور اس سادہ اور فطری نظامِ تعلیم کی جگہ لارڈ میکالے کا نظامِ تعلیم رائج کر دیا۔ فرنگی کا مقصد یہ تھا کہ ان قدیمی مدارس کے خاتمہ کے ذریعے آنے والی نسلوں کو اسلامی علوم و اقدار، تہذیب و ثقافت اور معاشرتی روایات کے جراثیم سے محفوظ رکھا جا سکے گا اور نئے نظامِ تعلیم کے ذریعہ خود لارڈ میکالے کے بقول نئی نسل کو نام کے مسلمان اور ذہن و قلب کے عیسائی بنایا جا سکے گا اور اس طرح ایک عرصہ کے بعد برصغیر میں بھی اسپین کی طرح کوئی بھی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ پڑھنے والا باقی نہ رہے گا اور برٹش امپیریلزم چین اور سکون سے برصغیر کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اقتصادی لوٹ کھسوٹ اور سیاسی استحصال

کی منڈی بنائے رکھے گا۔

بدقسمتی سے فرنگی کو اس حکمتِ عملی کی کامیابی کے لیے مسلمانوں کی فرنگی مارکہ نشاۃ ثانیہ کے علمبرداروں کی "بے لوث خدمات" بھی میسر آگئی تھیں جنہوں نے اسلامی علوم و اقدار کی "بیخ کنی" (العیاذ باللہ) کی خاطر خود فرنگیوں سے بھی بڑھ کر مخلصانہ خدمات سرانجام دیں۔

یہ اس دور کی بات ہے جب برصغیر میں موجود علماء کرام کی اکثریت ۱۸۵۷ء کی مقدس جنگ آزادی میں حصہ لینے کی پاداش میں عروس شہادت سے ہمکنار ہو چکی تھی اور آیندہ کھیپ کی تیاری کے تمام سرچشمے فرنگی سیاست کی بھینٹ چڑھ گئے تھے۔ اس بھیانک دور میں اللہ تعالیٰ نے ایک مردِ درویش اور جنگِ آزادی کے نامور مجاہد مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کے دل میں یہ بات ڈالی اور انہوں نے امدادِ باہمی پر دیوبند کے قصبہ میں اپنے رفقاء کرام کے تعاون سے ایک دینی مدرسہ کی بنیاد رکھی جو آج ایشیا کی سب سے بڑی اسلامی یونیورسٹی کی حیثیت اختیار کر چکا ہے اور دنیا اسے دارالعلوم دیوبند کے نام سے یاد کرتی ہے۔ اس مدرسہ کے بنیادی مقاصد میں یہ بات شامل تھی کہ اسے محض عوام کے چندے سے چلایا جائے گا کوئی مستقل آمدنی نہیں ہوگی (حتیٰ کہ متعدد بار حکومتوں کی طرف سے معقول گرانٹ کی پیش کش مسترد کر دی گئی) اور اس میں پڑھنے والے طلبہ ملک میں مساجد و مدارس کے نظام اور دینی تہذیب و ثقافت کو زندہ رکھنے کے لیے خدمات سرانجام دیں گے۔ (ایک بار نظام حیدر آباد نے پیش کش کی کہ دارالعلوم سے فارغ ہونے والے طلبہ کو وہ ملازمتیں مہیا کریں گے، تو غالباً حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ نے فرمایا تھا کہ ہم طلبہ کو نظام حیدر آباد کی حکومت کے کل پُرزے بننے کے لیے نہیں، بلکہ مساجد و مدارس کا نظام چلانے کے لیے تعلیم دیتے ہیں) امداد باہمی کی بنیاد پر قائم ہونے والا یہ مدرسہ پورے برصغیر کے دینی حلقوں کے لیے مشعل راہ بنا اور دیکھتے ہی دیکھتے ہر طرف دینی مدارس کا ایک جال پھیل گیا۔

فرنگی حکمت عملی کے مقابلے میں یہ حکمتِ عملی جسے امام ولی اللہ دہلوی کے خانوادۂ فکری کے عظیم سپوت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کا نتیجۂ فکر ہونے کی مناسبت سے ولی اللّٰہی حکمتِ عملی کہنا زیادہ موزوں ہوگا کامیاب ہوئی اور برصغیر پاک و ہند و بنگلہ دیش میں دینی علوم روایات، اقدار، ثقافت اور معاشرت کو بوریا نشین ملاؤں نے نیست و نابود ہونے سے بچا لیا۔ امداد باہمی کی بنیاد پر قائم ہونے والے ان مدارس نے

۱۔ فرنگی کی فکری و تعلیمی حکمت عملی کو ناکام بنا دیا اور فرنگی نظام تعلیم کے مقابلے میں دینی نظام تعلیم کو ایک طاقت ور حریف کی حیثیت سے لا کھڑا کیا۔

۲۔ مدارس و مساجد کے نظام کو زندہ رکھنے کے لیے ہر دور میں علماء کرام کی تازہ بتازہ کھیپ مہیا کی۔

۳۔ فرنگی کے ظلم و جبر کے مقابلہ میں برصغیر کی تحریک آزادی کو فکری و عملی قیادت مہیا کی۔ آسمان حریت کے درخشندہ ستارے شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ شیخ العرب والعجم مولانا سید حسین احمد مدنیؒ، امامِ انقلاب مولانا عبید اللہ سندھیؒ مولانا منصور انصاریؒ، مولانا حفظ الرحمنؒ مولانا مفتی کفایت اللہؒ مولانا احمد سعیدؒ قطب الاقطاب حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ، حضرت دین پوریؒ، حضرت امروٹیؒ، مولانا عبد الرحیم پوپلزئیؒ حضرت رائے پوریؒ، حضرت ہالیجویؒ، امیر شریعت عطاء اللہ شاہ بخاریؒ، مولانا محمد علی جالندھریؒ، قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ مولانا حبیب الرحمن لدھیانویؒ، مولانا محمد صادقؒ کراچی، مولانا سید گل بادشاہؒ مردان مولانا محمد اسحاق مانسہرویؒ، امیر شریعت مولانا محمد عبد اللہ کشمیریؒ اور دیگر مجاہدینِ آزادی انہی مدارس کے پروردہ تھے اور تحریکِ آزادی میں ان سرفروشوں کے فیصلہ کن قائدانہ کردار کو کوئی انصاف پسند مورخ نظر انداز نہیں کر سکتا۔

۴۔ ان مدارس نے مسلمانانِ ہند کی راسخ العقیدگی کو سبوتاژ کرنے کی فرنگی تحریکوں کا مقابلہ کیا۔ انکارِ ختم نبوت، انکارِ حدیث، انکار معجزات اور صحابہ کرامؓ اور اسلافؒ سے مسلمانوں کا فکری و عملی تعلق منقطع کرنے کی فرنگی تحریکوں کے سامنے یہ مدارس سدِّ سکندری بن گئے اور مسلمانانِ ہند کی روایتی راسخ العقیدگی کا شاندار تحفظ کیا۔

۵۔ ان مدارس نے اسلامی وضع قطع، طرزِ معاشرت اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور اسلافِ کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کی سنن و روایات سادگی و کفایت شعاری اور جذبہ ایثار و قربانی کو زندہ رکھا۔ حتیٰ کہ آج پوری دنیائے اسلام میں علماء برصغیر کی اسلامی وضع قطع اور جذبہ جہد و عمل ایک مثال کا درجہ اختیار کر چکی ہے۔

۶۔ ان مدارس نے فرنگی تہذیب و ثقافت کے سیلاب میں بھی اسلامی تہذیب کے تشخص کو قائم رکھا اور آج بھی فرنگی تہذیب کے تابڑ توڑ حملوں کے سامنے اسلامی تہذیب ایک ناقابلِ شکست چٹان کی طرح کھڑی ہے۔

۷۔ ان مدارس نے علماء حق کی روایتی بے نیازی جرأت و استقامت، ظلم و جبر سے ٹکرا جانے کے حوصلے اور مصائب کے

(صـ۱۲ پر)

مولانا عبدالرشید صدر مدرس
احسن المدارس خانیوال
قسط نمبر ۲

قومی انحطاط کے ذمّہ دار عناصر

کہاں ہے وہ اسلامی مساوات؟

اپنے موجودہ سیاسی نظام اور سیاسی ڈھانچے کے ساتھ ساتھ یہ بھی دیکھیے کہ اس نظام اور اس ڈھانچے کے نیچے "اصلی سیاست" اور "عملی سیاست" کن عناصر کی کارفرما ہے؟ ہمارے ہاں سیاسی لیڈروں کی کمی نہیں۔ ہمارے ہاں سیاسی جماعتوں کی بھرمار ہے۔ جن مغربی قوموں کے جمہوری نظام کو ہم اپنانا چاہتے ہیں۔ ان کے معاشرے پر نظر ڈالیے تو کیا آپ کو ان میں بھی سیاسی جماعتوں کی اس قدر افراط اور متضاد الخیال اور مختلف النظر لیڈروں کی اتنی تعداد نظر آسکے گی جتنی کہ ہمارے ہاں ہے؟ اور پھر ہماری اس سیاست اور اس قیادت پر اصلی، حقیقی اور عملی سیاست تو اور ہی عناصر کی ہے، یعنی وہی مفاد پرست استحصال پسند، ذخیرہ اندوز، منافع خور، وطن غدار، خوشامدی اور چاپلوس غنڈہ نواز، بے علم اور جاہل عوام کو دام تذویر میں پھنسانے والے جعلی پیر، رشوت بدعنوانی اور دھاندلی کا شکار سرکاری کارندے، آنے والی نسل کی صحیح تعمیر نہ کرسکنے والا وہ طبقہ جسے آیندہ نسل کا معمار سمجھا جاتا ہے اور وہ ماں باپ جنہوں نے گھروں میں ماحول ہی ایسا مسلط کر رکھا ہے کہ ان کے نونہال آیندہ ذمہ داریاں اٹھا سکنے والی نسل بن سکنے کے نااہل ہوتے چلے جارہے ہیں۔ یہ اولاد کشی نہیں تو اور کیا ہے؟ کہاں ہے وہ اسلامی مساوات اور اخوت جس کے ہم دعوے دار تھے؟ کیا آج کا معاشرہ خود غرضی نفسی نفسی اور حسد و بغض کے امراض کا خطرناک مریض نہیں بن چکا؟ ہوس واقتدار اور مفاد پرستی کا نام قوم پرستی اور وطن پرستی قرار دے کر ساری جنگ زرگری اور ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لیے ہو رہی ہے۔

حساس نوجوانوں کی ضرورت

جس سرزمین کو لاالہ الااللہ کے نعرے سے حاصل کیا گیا تھا اس سرزمین پر آج استحصال و لوٹ مار کا سکہ چل رہا ہے جب اپنے معاشرے کے اندر ایسے ایسے دشمن موجود ہوں تو بیرونی دشمنوں کا کس طرح اور کب تک مقابلہ کیا جا سکے گا! اس وقت ضرورت ایسے تازہ اور پاک خون کی ہے جو ایسے نوجوانوں کی رگوں میں دوڑ رہا ہو جنہیں اپنے مستقبل کا پورا پورا احساس ہو۔ جنہیں یہ حقیقت یاد ہو کہ وہی کل کی قوم کہلائیں گے اور ملک و ملّت کی تمام ذمہ داریاں انہی کے کندھوں پر پڑجائیں گی۔ ملت اسلامیہ کے عوام ایک بہت بڑی طاقت ہیں، مگر عوام میں یہ شعور حد درجہ ضروری ہے کہ وہ یہ تمیز کر سکیں دوست کون ہے اور دشمن کون ہے؟ وہ یہ جان سکیں، بلکہ محسوس کرسکیں کہ معاشرے کو گھن کی طرح کون سے عناصر اندر ہی اندر کھاتے چلے جارہے ہیں۔ عوام کو محض تماشائی نہیں بنے رہنا چاہیے کہ جس کی تقریر سنی اس پر واہ واہ کر دی۔ یہ شعور خود پیدا کرنا چاہیے کہ وہ اندازہ کرسکیں کہ کون ان کا حقیقی ہمدرد ہے؟ اور کون انہیں صحیح معنوں میں ابھارنا اور بلند کرنا چاہتا ہے اور کون انہیں اپنے مفاد کے لیے آلۂ کار بنانا چاہتا ہے۔ اگر عوام اور خصوصاً نوجوانوں میں ان ملک دشمنوں کو پہچاننے کا شعور پیدا ہو جاتے تو تھوڑی سی مدت کے اندر اندر حالات بدل سکتے ہیں۔

خود اعتمادی کے جذبے کی اہمیّت۔

آخر میں ایک نہایت ہی اہم سوال کا جواب درکار ہے؟ ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو لاہور میں قرار داد پاکستان منظور کی اور برصغیر کے مسلمان ایک علیحدہ اور آزاد اور خود مختار اسلامی مملکت کے قیام کے حصول کا عزم لے کر میدان میں اترے۔ کیا کوئی بھی یہ دعویٰ کر سکنے کی جرأت کرسکتا ہے کہ اس جد و جہد میں برصغیر کے مسلمانوں کی امداد و حمایت کسی بیرونی قوت نے بھی کی جس وقت مسلمانانِ برصغیر نے علیحدہ آزاد اسلامی وطن کے قیام کے حصول کے لیے کمر ہمت باندھی تھی اس وقت وہ بڑی طاقتیں کہاں تھیں جو قوموں کے حق خود ارادیت کے نعرے لگاتی تھکتیں۔ کیا آخری وقت تک بھی کسی بیرونی طاقت نے مسلمانوں کے مطالبہ کی تائید و نصرت کی یا انہیں کسی شکل میں بھی کوئی امداد پہونچائی۔ اگر ہم

۱۴ اگست ۱۹۴۷ء تک بھی یکہ و تنہا اپنی جنگِ آزادی آپ لڑتے رہے۔ آخر کار آزاد و خود مختار پاکستان لے کر ہی ٹلے تو آج بھی اس سرزمین پاک کے تحفظ و دفاع کے لیے ہمیں اللہ کی ذات پر اور اپنی ہمت پر ہی تکیہ کرنا ہوگا۔ ہمیں سب سے پہلے معاشرے کے اندرونی روگ ختم کرنا ہوں گے اور ساتھ ہی ساتھ بیرونی دشمنوں سے بھی ہوشیار اور اپنی قوت کو ہر اعتبار سے مضبوط تر بنانا ہوگا۔ مسلمانوں کے جہادی جذبے سے ساری دنیا آگاہ ہے۔ یہ اگر حقیقت نہ ہوتی تو ہم سے افرادی قوت، اقتصادی حیثیت اور فوجی طاقت کے لحاظ سے کہیں زیادہ برتر بھارت ہم سے خائف نہ رہتا اور ہمارا ایک بازو توڑ دینے میں کامیاب ہو جانے کے باوجود ہمیں آپس میں جنگ نہ کرنے کے معاہدے کے چکمے دینے کی کوشش نہ کرتا۔ ہم نے دسمبر ۷۱ء میں بھارت سے شکست کھائی اور اس لیے شکست کھائی کہ ہمارے اپنے بھی مشرقی پاکستان کے بھائی ہم سے بدظن کر دیئے گئے اور وہ بھی غیر بن گئے تھے۔ ہم نے ہتھیار اس لیے ڈالے کہ ہمارے اور سپلائی کے تمام راستے کٹ چکے تھے۔ اس کے باوجود ہم میدان میں اتر گئے تھے، لیکن ہمارے مقابلے میں صرف بھارتی افواج ہی نہیں تھی۔ اپنے بھی تھے اور دشمن کو ایک بہت بڑی عالمی طاقت کا آسرا و سہارا بھی تھا۔

زلزلہ زدہ عوام کی امداد

کے لیے جمعیۃ علماء اسلام پنجاب کا ایک وفد گذشتہ روز کم و بیش پچاسی ہزار روپے کا امدادی سامان لے کر بہ شام روانہ ہو گیا۔ وفد میں مولانا محمد ابراہیم لاہو، مولانا جلال الدین سرگودھا، خواجہ عبدالرؤف ملتان اور مولانا احسان اللہ فاروقی شامل ہیں۔

نوٹ: حضرت مفتی محمود صاحب کے حکم پر وفاق المدارس العربیہ کا نتیجہ شائع ہونے کی وجہ سے اس مرتبہ جماعتی خبریں شائع نہ ہو سکیں۔ ادارہ

بقیہ دینی مدارس کا جرم

کے طوفانوں میں بھی مسکرانے کی جبلّت کو زندہ رکھا اور ظلم و جبر کے مقابلے میں ہمیشہ ان مدارس کے پروردہ "ملّاؤں" نے ہراول دستہ کا کردار ادا کیا۔

غرضیکہ ان مدارس نے برصغیر میں اسلامی علوم، اقدار، تہذیب اور معاشرت کو فرنگی حکمتِ عملی سے بچا لیا جس کا نتیجہ یہ ہے کہ فرنگی حکمتِ عملی صدیوں کی جدوجہد کے بعد بھی برصغیر خصوصاً پاکستان کی مسلم رائے عامہ کو قرآن و سنت کے عادلانہ نظام کے سوا کسی اور ازم اور نظام پر راضی نہیں کر سکی اور آج بھی پاکستان کے مسلمانوں کے دل صرف اسلام کے عادلانہ نظام کے لیے دھڑکتے ہیں۔

دینی مدارس کی ان عظیم دینی و ملی خدمات کے پس منظر میں علماء کرام کے اخلاص و ایثار اور مشنری جذبہ کے ساتھ یہ حقیقت بھی کارفرما ہے کہ یہ مدارس اپنی پالیسی، نظام اور طریق کار کے تعین میں ہمیشہ آزاد رہے ہیں اور کسی بھی دَور میں حکمرانوں کے عمل دخل کو ان مدارس نے قبول نہیں کیا۔ اسی آزادی کے باعث یہ مدارس فرنگی حکمتِ عملی کو واضح شکست دینے میں کامیاب ہوتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آج کے حکمرانوں نے اس آزادی کا استحصال کرنے اور دینی مدارس کی مؤثر کارکردگی کو عملاً سبوتاژ کرنے کا منصوبہ بنا لیا ہے۔

اس پس منظر کی روشنی میں دینی مدارس کو قومی تحویل میں لینے کے فیصلہ کا اس کے سوا اور کیا مقصد ہو سکتا ہے کہ وہ مقاصد جو ان مدارس کے ذریعہ حاصل ہو رہے ہیں ختم ہو جائیں اور وہ مشن جو ان مدارس کے ذریعہ زندہ ہے، موت کے گھاٹ اُتر جائے۔ اس فیصلہ پر علماء کرام، طلبہ اور دینی حلقوں کے اضطراب کی بنیادی وجہ بھی یہی ہے۔

بقیہ اداریہ

پر "کیچڑ اچھالا" تھا، بلکہ سنت رسول کی توہین کی تھی۔

عجیب منطق ہے رامے صاحب مولانا مفتی محمود ایسے مردِ قلندر اور درویش منش انسان کو سرمایہ داروں کا ایجنٹ کہیں تو ملک صاحب کو خیال تک نہیں آتا کہ ملک کے منتخب نمایندوں پر "کیچڑ اچھالا" جا رہا ہے۔ بھٹو صاحب علماء کی داڑھیوں تک کو ہدفِ تنقید بنائیں اور ملک صاحب منقار زیر پر دوسروں کو اخلاق کا درس دینے والے کاش اپنے گھر کی بھی خبر لیں۔

اے چشم اشکبار زرا دیکھ تو سہی
یہ گھر جو بہہ رہا ہے کہیں تیرا گھر نہ ہو

ہم نے بارہا کہا کہ یہ ملک جمہور کی رائے سے اسلام کے نام پر معرض وجود میں آیا تھا اس میں جمہوری قدروں اور اسلامی اقدار کو پامال کرنا ملک کی اساس پر کلہاڑی چلانے کے مترادف ہے۔ اس ملک کی بقا اور سالمیت کے لیے اسلامی نظام کا نفاذ ناگزیر ہے۔ اسلام آزادیٔ رائے کا بھی احترام کرتا ہے اور اخلاقی قدروں کی استواری کا بھی ضامن ہے، مگر مطلب برآری کے لیے اسلام کا نام لینے والے کب اسلامی نظام کے نفاذ کی راہ ہموار کر سکتے ہیں۔

اتحاد المدارس العربیہ کا قیام

خیر المدارس ملتان میں ملک بھر کے دیوبندی بریلوی اور اہلِ حدیث مکاتبِ فکر کے سربرآوردہ علماء کرام اور دینی مدارس کے منتظمین کا ایک اجلاس حضرت مولانا سید محمد یوسف بنّوری مدظلہٗ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ دینی مدارس کو قومی تحویل میں لینے کی خبر سے پیدا شدہ صورتحال پر غور و خوض کیا گیا۔ حضرت مفتیٔ اعظم مولانا مفتی محمود کی تجویز پر اتحاد المدارس العربیہ کا قیام عمل میں لایا گیا۔ صدر علامہ سیّد محمد یوسف بنّوری اور جنرل سیکرٹری، علّامہ سیّد محمود احمد رضوی ہوں گے۔

شہر شہر سے

جمعیۃ علماءِ اسلام پنجاب کے رہنماؤں کا دورہ

راولپنڈی اور لاہور ڈویژن کی شاخوں کا جائزہ اور خطابات

